اطلاع نامہ

بچوں کی حفاظت، والدین کو باخبر رکھنا

29اکتوبر، 2026 میڈیا انکوائریز

مجوزہ تبدیلیوں سے والدین کو واقعات، حفاظتی خدشات اور ڈے کیئرز میں تعمیل کے مسائل کے بارے میں مزید معلومات ملیں گی، اور حکومتی نگرانی کو تقویت ملے گی۔

اگر منظور کیا گیا تو، بل 35، *ایجوکیشن اینڈ چائلڈ کیئر (سیکیورنگ پیرنٹل انووولمنٹ) اسٹیٹوٹس ترمیمی ایکٹ، 2026* *(Education and Childcare (Securing Parental Involvement) Statutes Amendment Act, 2026*، *ارلی لرننگ اینڈ چائلڈ کیئر ایکٹ* *(Early Learning and Child Care Act)* میں ترمیم کرے گا اور صوبے کو بچوں کی دیکھ بھال کے پروگرام چلانے کے لیے درخواست دینے والے افراد کے پس منظر کا جائزہ لینے اور چھوٹی عمر کے بچوں کے معلم کے عملے (ارلی چائلڈہڈ ایجوکیٹر اسٹاف) کی نگرانی کو مضبوط بنانے کے لیے مضبوط ٹولز فراہم کرے گا۔ بچوں کے ڈے کیئر میں ہوتے وقت ان کی حفاظت اور سلامتی البرٹا کی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

اگر بل 35 منظور ہو جاتا ہے، تو یہ صوبے کو اجازت دے گا کہ یہ بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) کا لائسنس جاری کرتے وقت یا اس کی دوبارہ تجدید کرنے کا فیصلہ کرتے وقت وہ درخواست دہندہ کے تجربے، مالی صلاحیت اور دیگر ریگولیٹری اداروں کے ساتھ تعمیل کی تاریخ پر غور کر سکے۔ اس سے صوبے کو لائسنس جاری کرنے یا تجدید کرنے سے پہلے ممکنہ خطرات کی نشاندہی کرنے کے لیے مزید معلومات ملیں گی۔ مجوزہ تبدیلیاں البرٹا کے بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) کے شعبے کو مضبوط کریں گی اور خاندانوں کو مزید طور پر ذہنی سکون فراہم کریں گی۔

ان ترامیم سے چھوٹے بچوں کے معلم (ارلی چائلڈ ایجوکیٹور) کے سرٹیفیکیشن کی نگرانی میں بھی بہتری آئے گی۔ حکومت کو سرٹیفیکیشن میں شرائط شامل کرنے کا اختیار ہوگا، جیسے کہ میعاد ختم ہونے کی تاریخیں، اور تجدید کے تقاضے قائم کرنے کا اختیار۔ اس سے البرٹا ایجوکیشن اور چائلڈ کیئر کو فعال افرادی قوت کی تازہ ترین تصویر کو برقرار رکھنے اور اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ سرٹیفیکیشن کے تقاضے وقت کے ساتھ ساتھ تجدید شدہ رہیں۔

"والدین اس اعتماد کے مستحق ہیں کہ ان کے بچے محفوظ ہیں اور ان کی اچھی دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ یہ تبدیلیاں لائسنس یافتہ بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) کی نگرانی کو تقویت بخشیں گی، حکومت کو خدشات کی نشاندہی کرنے اور ان کو دور کرنے کے لیے بہتر ٹولز فراہم کریں گی، اور یہ یقینی بنائیں گی کہ جب سنگین مسائل پیدا ہوں تو خاندانوں کو واضح، بروقت معلومات حاصل ہوں۔"

ڈیمیٹریوس نیکولیڈس، وزیر تعلیم اور چائلڈ کیئر (Demetrios Nicolaides, Minister of Education and Childcare)

مجوزہ تبدیلیاں لائسنس یافتہ بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کے لیے والدین کو سنگین واقعات، حفاظتی خدشات اور تعمیل کے مسائل کے بارے میں آگاہ رکھنے کے لیے تقاضوں کو بھی مضبوط بنائیں گی۔ اگر منظور کیا گیا تو، تبدیلیوں کے لیے درج ذیل ضرورت ہوگی:

- لائسنس یافتہ سہولت- اور گھر پر مبنی چائلڈ کیئر فراہم کرنے والوں کی طرف سے تمام خاندانوں کو تعمیل کے اہم مسائل اور نفاذ کے اقدامات کے بارے میں مطلع کرنے کی ضرورت ہو گی، بشمول انتظامی جرمانے اور فراہم کنندہ کے لائسنس میں تبدیلیاں یا شرائط
- البرٹا کی چائلڈ کیئر لائسنسنگ ٹیم کو فراہم کنندگان کو ہدایت کرنے کی اجازت دینے کی ضرورت ہو گی کہ وہ تمام خاندانوں کو مطلع کریں جب وزارت سے منظور شدہ حفاظتی منصوبہ کسی نازک واقعے کے بعد لاگو کیا جائے، بشمول بچوں کے ساتھ بدسلوکی یا نظرانداز کرنے کے مجرمانہ الزامات۔
- فراہم کنندگان سے مطالبہ ہو گا کہ وہ وزارت کے منظور شدہ حفاظتی منصوبوں کی پیروی کریں اور ان منصوبوں کو والدین کو دستیاب کرائیں تاکہ وہ سمجھ سکیں کہ بچوں کی حفاظت کے لیے کیا کیا جا رہا ہے۔
    - حفاظتی منصوبے البرٹا میں پہلے ہی استعمال کیے جا چکے ہیں، لیکن مجوزہ ترامیم ان کی پیروی کو قانونی تقاضہ بنا دیں گی۔
- صوبے کو اجازت دینا ہوگا کہ ایسی صورت میں خاندانوں کو واقعات، حفاظتی خدشات یا تعمیل کے مسائل کے بارے میں براہ راست مطلع کرے کہ اگر کوئی فراہم کنندہ اطلاع نہیں دے سکتا یا نہیں دیتا ہے۔
- جب شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن) فوری معائنہ ممکن نہ ہوتو، محدود حالات میں مجازی معائنہ یا نگرانی کی اجازت دینا ہوگا۔

جب کسی نازک واقعے کے نتیجے میں وزارت کی طرف سے منظور شدہ حفاظتی منصوبہ ہوتا ہے، تو تمام خاندانوں کے لیے معلومات چائلڈ کیئر پروگرام میں پوسٹ کی جائیں گی۔ دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کو ای میل یا موبائل ایپلیکیشنز جیسے طریقوں کے ذریعے خاندانوں کو بھی مطلع کرنا ہوگا۔ اگر یہ معلوم ہو کہ کسی خاندان کا بچہ براہ راست متاثرہوا ہے ان تو، ویسے بھی ان خاندانوں کوجلد از جلد الگ سے مطلع کیا جائے گا۔

"کیپلر اکیڈمی میں، ہم سمجھتے ہیں کہ شفافیت، جوابدہی اور معیار کی دیکھ بھال خاندانوں کے ساتھ اعتماد پیدا کرنے کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ ہم نگرانی کو مضبوط بنانے، پیشہ ورانہ معیارات کو بڑھانے اور بچوں کی حفاظت کی جانب ایک اہم قدم کے طور پر ان تبدیلیوں کی حمایت کرتے ہیں۔ یہ ذمہ داریاں اتنی اہم ہیں کہ انہیں صحیح طریقے سے نبھانا ضروری ہے۔"

رابرٹ گیر، صدر، کیپلر اکیڈمی (Robert Gare, president, Kepler Academy)

"اعلیٰ معیار کے بچوں کی دیکھ بھال اعلیٰ معیار کے معلمین سے شروع ہوتی ہے۔ چھوٹے بچوں کے معلم (ارلی چائلڈہڈ ایجوکیٹر) کے سرٹیفیکیشن کی نگرانی کو مضبوط بنانے کے لیے ہم ان تبدیلیوں کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے البرٹا کی حکومت کے عزم کا اشتراک کرتے ہیں کہ خاندانوں کو یہ یقین ہو کہ ان کے بچے محفوظ، اعلیٰ معیار کی دیکھ بھال حاصل کر رہے ہیں۔ ہم منسٹر نکولائیڈز کا

شکریہ ادا کرتے ہیں کہ وہ بچوں کی دیکھ بھال کے معیار اور حفاظت کے لیے مسلسل عزم کا اظہار کرتے ہیں۔"

لوریسا وریئز، نائب صدر، البرٹا کڈز اینڈ کمپنی (Lorissa Vriens, vice-president, Alberta Kids & Company)

البرٹا کی حکومت اس بات کا تعین کرنے کے لیے ہر صورت حال کا جائزہ لے گی کہ آیا رازداری کی حفاظت کرتے ہوئے اور فعال تحقیقات پر اثرات کو کم سے کم کرتے ہوئے وسیع تر اطلاع کی ضرورت ہے۔ ہر نازک واقعہ کو تمام خاندانوں کے ساتھ شیئر نہیں کیا جائے گا۔ صوبہ ان تحفظات پر قانونی ماہرین اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کام جاری رکھے گا۔

فوری حقائق

- البرٹا کا لائسنس یافتہ چائلڈ کیئر سسٹم 145,000 سے زیادہ بچوں کی خدمت کرتا ہے اور 2021 سے اب تک 67,000 سے زیادہ بچوں کی دیکھ بھال کی جگہیں بنا چکا ہے۔
- بل والدین اور عوامی نوٹیفکیشن کی تبدیلیوں کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے جو 1 جون سے نافذ العمل ہیں، بشمول Alberta.ca پر واقعے کے نوٹس پوسٹ کرنا۔
- بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) کی ترامیم اعلان کے بعد نافذ العمل ہوں گی اور 1 مارچ، 2027 سے نافذ ہوں گی۔
- مجوزہ ترامیم ایجوکیشن ایکٹ میں مجوزہ تبدیلیوں کے ساتھ مل کر آگے بڑھ رہی ہیں۔

متعلقہ معلومات

- تعلیم اور بچوں کی دیکھ بھال کے نظام میں جوابدہی کو مضبوط بنانا

متعلقہ خبریں

- خاندانوں کو باخبر رکھنا اور شامل رکھنا (29 اکتوبر، 2026)
- تیز تر بچوں کی دیکھ بھال کے واقعے کی اطلاع (29 مئی، 2026)
- البرٹا بچوں کی دیکھ بھال کی حفاظت کو مضبوط کرتا ہے (30 اکتوبر، 2025)

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

میڈیا کے استفسارات

گیریٹ کوہلر (Garrett Koehler)

780-427-5010
سینئر پریس سکریٹری، تعلیم اور چائلڈ کیئر(Senior Press Secretary, Education and Childcare)

درجہ بندی: پبلک